Series : %BAB%

SET-4

کوڈ Q.P.

Q.P. Code **30**

Roll No. | | | | | | | | |

Candidates must write the Q.P. Code on the title page of the answer-book.

- آپ جانچ لیجیے کہ اس سوالنامے میں چھپے صفحات کی تعداد 8 ہے۔
- پرچہ کے داہنی طرف چھپا Q.P. کوڈ نمبر طالب علم کو اپنی جوابی کاپی کے ٹائٹل صفحہ پر لکھنا ہے۔
- آپ دیکھ لیجیے کہ سوالنامے میں چھپے سوالات کی تعداد 14 ہے۔
- **کسی بھی سوال کا جواب لکھنے سے پہلے سوال کا نمبر ضرور جوابی کاپی میں لکھیں۔**
- سوالنامہ پڑھنے کے لیے 15 منٹ کا وقت دیا گیا ہے۔ سوالنامہ صبح 10.15 بجے تقسیم کیا جائے گا۔ 10.15 سے 10.30 بجے تک طلباء صرف سوالنامہ پڑھیں گے اور اس وقفے کے دوران وہ جوابی کاپی پر کچھ نہیں لکھیں گے۔

- Please check that this question paper contains 8 printed pages.
- Q.P. Code given on the right hand side of the question paper should be written on the title page of the answer-book by the candidate.
- Please check that this question paper contains 14 questions.
- **Please write down the Serial Number of the question in the answer-book before attempting it.**
- 15 minute time has been allotted to read this question paper. The question paper will be distributed at 10.15 a.m. From 10.15 a.m. to 10.30 a.m., the candidates will read the question paper only and will not write any answer on the answer-book during this period.

*

# اُردو (الیکٹو)

# URDU (Elective)

وقت: ۲ گھنٹے

*Time allowed : 2 hour*

کل نمبر: ۴۰

*Maximum Marks : 40*

**ہدایات:**

(i) یہ سوال نامہ **تین** حصوں میں پوچھے گئے 14 سوالوں پر مشتمل ہے۔

(ii) **حصہ (الف)** 10 نمبر، **حصہ (ب)** 18 نمبر اور **حصہ (ج)** 12 نمبر کا ہے۔

(iii) ہر حصے میں دی گئی ہدایات کے مطابق جوابات تحریر کیجیے۔

**Instructions :**

(i) This Question Paper contains **3** Sectons and **14** questions.

(ii) **Section – A** consists of **10** marks, **Section – B** of **18** marks and **Section – C** of **12** marks.

(iii) Write Answer according to the specific instructions.

*

## حصہ (الف)

## Section – A

1. درج ذیل غیر درسی اقتباسات میں سے کسی **ایک** کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق پوچھے گئے سوالوں کے جواب دیجیے: **5 × 1 = 5**

**(الف)**

ہندوستان میں سب سے پہلا اخبار 1744 ء میں انڈیا گزٹ کے نام سے شائع ہوا تھا۔ اس کی مقبولیت کو دیکھ کر بنگال میں کچھ اور بھی اخبارات شائع ہونے لگے تھے۔ یہ دیکھ کر لارڈ لٹن نے ہندوستانی زبانوں میں اخبارات نکالنے پر پابندی عائد کر دی۔ بعد میں لارڈ رپن نے اس پابندی کو جلد ختم کر دیا۔ اخبارات عوام میں سیاسی شعور، رائے عامہ کی تشکیل اور معلومات میں اضافہ کرنے کا بہترین ذریعہ ہے۔ اخبار پڑھنے والوں کو دنیا میں ہونے والے واقعات، حادثات، سیاسی نظریات، صنعتی اقدامات، سائنسی ایجادات اور موسمیات وغیرہ کی تازہ ترین اطلاعات ملتی رہتی ہیں۔ جیسے جیسے لوگوں میں تعلیمی شعور اور کاروبار کا شوق بڑھتا جا رہا ہے ویسے ویسے دنیا کی مختلف زبانوں میں اخبارات کی اشاعت بڑھتی جا رہی ہے۔ سوشل میڈیا کے اس دور میں بھی اخبارات کی اہمیت و معنویت میں کوئی خاص کمی نہیں آئی ہے۔ اخبار بینی سے مختلف ممالک کے باشندوں میں ایک دوسرے سے قربت، ہمدردی اور خلوص کا جذبہ پیدا ہوتا ہے۔ اسی لئے اخبار کو ادیب دوست کہا گیا ہے۔

(i) ہندوستان کا پہلا اخبار کب اور کس نام سے شائع ہوا؟

(ii) اخباروں کی اشاعت پر کس نے پابندی لگائی اور کس نے ختم کی؟

(iii) اخبار پڑھنے والوں کو کس طرح کی اطلاعات ملتی رہتی ہیں؟

(iv) دنیا میں اخبارات کی اشاعت کیوں بڑھتی جارہی ہے؟

(v) اخبار کو ادیب دوست کیوں کہا گیا ہے؟

(ب)

ستاروں سے آگے جہاں اور بھی ہے
ابھی عشق کے امتحاں اور بھی ہیں

تہی زندگی سے نہیں یہ فضائیں
یہاں سیکڑوں کارواں اور بھی ہیں

تو شاہیں ہے پرواز ہے کام تیرا
ترے سامنے آشیاں اور بھی ہیں

اسی روزوشب میں اُلجھ کرنہ رہ جا
کہ تیرے زماں ومکاں اور بھی ہیں

گئے دن کہ تنہا تھا میں انجمن میں
یہاں اب مرے رازداں اور بھی ہیں

(i) اس غزل کی ردیف کیا ہے؟

(ii) کارواں کتنے ہیں؟

(iii) شاہین کا کام کیا ہے اور اس کے سامنے کیا ہے؟

(iv) چوتھے شعر میں کون سی صنعت ہے؟

(v) انجمن میں کون تنہا تھا؟

2. درج ذیل درسی اقتباسات میں سے کسی **ایک** کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق پوچھے گئے سوالوں کے جواب دیجئے: **5 × 1 = 5**

**(الف)**

میں جب واہگہ کے راستے آٹھ فروری 1980 کو ریل کے ذریعے لاہور کی طرف بڑھ رہا تھا، تو میرے دل میں کئی طرح کے وسوسے تھے۔ میں وہاں کیوں جا رہا ہوں وہاں تو اب میرا کوئی سگا سمبندھی بھی نہیں رہتا۔ پاکستان سرکار نے 1978 میں ایک بار میری ویزا کی درخواست مسترد کر دی تھی۔ اب دوسری بار درخواست دینے پر اچانک منیر احمد شیخ جو ہندوستان میں پاکستانی سفارت خانے میں پریس کونسلر ہیں مجھے یہ کہہ کر ویزا دلوا دیا کہ موجودہ حکومت پاکستان دونوں طرف کے عوام میں محبت اور دوستی کے جذبات کو بڑھانا چاہتی ہے۔ اب میں اپنے قلم کے رشتے داروں سے ہی ملنے کے لئے وہاں جا رہا ہوں۔ جن میں سے بیشتر کی کتابیں مجھے ملتی رہی ہیں۔ جن کے رسالوں میں، میں چھپتا رہا ہوں اور جن کے خدوخال میں ان کی تخلیقات سے پہچانتا ہوں ان میں سے کئی ایک نے اکثر مجھے اپنے یہاں آنے کی دعوت دی ہے۔

میں میانوالی میں پیدا ہوا تھا۔ جہاں میرے آباواجداد صدیوں پہلے راجستھان کے ریتیلے میدانوں میں گھوڑوں پر عرب حملہ آوروں کے آگے آگے بھاگتے ہوئے وہیں جا کر پناہ گزیں ہوئے تھے۔

(i) درج بالا اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے؟

(ii) اس اقتباس کے مصنف کا نام کیا ہے؟

(iii) منیر احمد شیخ نے کیا کہہ کر ویزا دلوایا؟

(iv) مصنف کن لوگوں سے ملنے پاکسان جا رہے تھے؟

(v) مصنف نے اپنے آباواجداد کے بارے میں کیا بتایا ہے؟

(ب)

کچھ برس پہلے سویرے منھ اندھیرے
اک پہاڑی پر پہنچ جاتے تھے ہم
ایک کالے سخت تکیے سے اٹھا کر اپنا سر
ادھ جگا سورج ابھر کر دیکھ لیتا تھا ہمیں
ہم سحر خیزوں سے شرما کر جھکا لیتا تھا سر
دفعتاً اس کے لبوں سے پھوٹ پڑتی تھی ہنسی
ہاتھ وہ ہم سے ملاتا تھا بہ صد حسن تپاک
جسم وجاں میں پھیل جاتی تھی شگفتہ تازگی

شام کو جب جھیل کے پانی میں ڈالے اپنے پانو
دائرہ در دائرہ موجیں اٹھا دیتے تھے ہم
تب تھکا ماندہ — انیندا — مضمحل سورج
اپنے خوابستان میں روپوش ہو جانے سے قبل
مسکرا کر ہم سے کہتا شب بخیر
اور چل پڑتے تھے ہم سب اپنے گھر
اپنے دل کی دائرہ در دائرہ موجوں میں سورج گھیر کر

(i) درج بالا اقتباس کس نظم سے لیا گیا ہے؟
(ii) اس اقتباس کے شاعر کا نام کیا ہے؟
(iii) ہیئت کے اعتبار سے یہ نظم کی کون سی قسم ہے؟
(iv) ادھ جگا سورج سے کیا مراد ہے؟
(v) شام کے وقت شاعر کیا کرتا تھا؟

## حصہ (ب)

## Section – B

3. مختصر افسانہ یا غزل میں سے کسی ایک کی تعریف لکھیے۔ 6

4. درج ذیل اردو زبان کی تاریخ سے متعلق سوالات میں سے صرف دو کے جواب دیجیے: $2 \times 3 = 6$

(i) فورٹ ولیم کالج کے قیام کا مقصد کیا تھا؟

(ii) سرسید تحریک کے تحت رسالہ تہذیب الاخلاق جاری کرنے کا مقصد کیا تھا؟

(iii) ترقی پسند تحریک کی پہلی کانفرنس کس سال ہوئی؟ اس کی صدارت کس نے کی اور اس کی انجمن کا کیا نام تھا؟

5. درج ذیل سوالات میں سے صرف دو کے جواب لکھیے: $2 \times 2 = 4$

(i) چیروپاکوف کو ایک صاب اخلاق انسان کیوں کہا گیا ہے؟

(ii) ویکوم محمد بشیر کے افسانے کا عنوان 'جنم دن' کیوں رکھا گیا ہے؟

(iii) انشائیہ 'مرحوم کی یاد میں' میں مرحوم کسے کہا گیا ہے؟

6. اس شعر میں تشبیہ تلاش کیجیے: 2

دل کا وہ حال ہے غم دوراں کے تلے

جیسے اک لاش چٹانوں میں دبا دی جائے

## حصہ (ج)

## Section – C

**ہدایت:** درج ذیل سوالات میں سے صرف **6** کے جواب دیجیے : **6 × 2 = 12**

7. ایک ناول نگار کی کیا ذمہ داریاں ہیں ؟ خورشید الاسلام کے بیان کے مطابق جواب دیجیے۔

8. عوام پر نیند کا انجیکشن لگانے کے کیا نتائج سامنے آئے ؟ افسانہ 'سکون کی نیند' کی روشنی میں جواب دیجیے۔

9. افسانہ ''میں، وہ'' میں بوڑھے کے کردار کی کیا تفصیلات بیان کی گئی ہیں ؟

10. ڈاکٹر عبدالعلیم کے کردار پر ایک مختصر نوٹ لکھیے۔

11. جاں نثار اختر کی غزل میں ''گل رنگ دریچوں'' کا مفہوم کیا ہے ؟

12. نظم ''زندگی سے ڈرتے ہو'' کا مرکزی خیال کیا ہے ؟

13. زخم اور قاتل، لاش اور غم کی مناسبت کو کیا کہیں گے ؟

14. ناصر کاظمی کی غزل کے مصرعے ''یادوں کے بجھے ہوئے سویرے'' کی وضاحت کیجیے۔

---

*